# Storybooks Canada

storybookscanada.ca

## گدھا بچہ

Written by: Lindiwe Matshikiza
Illustrated by: Meghan Judge
Translated by: Samrina Sana

This story originates from the African Storybook (africanstorybook.org) and is brought to you by Storybooks Canada in an effort to provide children's stories in Canada's many languages.

This work is licensed under a Creative Commons Attribution 4.0 International License.
https://creativecommons.org/licenses/by/4.0



# گدھا بچہ



Lindiwe Matshikiza
Meghan Judge
Samrina Sana
Urdu
Level 3



یہ ایک چھوٹی سی لڑکی تھی۔ جس نے دور فاصلے پر ایک
پراسرار چیز دیکھی۔



جیسے ہی وہ چیز قریب آئی، اُس نے دیکھا کہ وہ ایک حاملہ تھی۔



شرماتے ہوئے لیکن وہ بہادر لڑکی اُس عورت کے قریب گئی۔
ہمیں اسے اپنے پاس رکھنا چاہیے۔ چھوٹی لڑکی کے لوگوں نے
فیصلہ کیا۔ ہم اسے اور اس کے بچے کو محفوظ رکھیں گے۔





گدھا بچہ اور اُس کی ماں ایک ساتھ رہے اور زندہ رہنے کے
لیے مختلف طریقے سیکھے۔ آہستہ آہستہ اُن کے ارد گرد رہنے
والے باقی گھر بھی ٹھیک ہو گئے۔



بچہ پیدا ہونے والا تھا۔ زور لگاو! کمبل لے آو! پانی لاو! زور لگاو!





گدھے نے اپنی ماں کو اکیلا اور اپنے کھوئے ہوئے بچے کے لیے افسوس کرتے ہوئے پایا۔ وہ دونوں دیر تک ایک دوسرے کو گھورتے رہے اور پھر ایک دوسرے کو بہت زور سے گلے لگا لیا۔



لیکن جب اُنہوں نے بچے کو دیکھا ہر کسی نے حیران ہو کر پیچھے
کی طرف چھلانگ لگائی۔ ایک گدھا!





گدھے کو آخرکار معلوم تھا کہ اب اُسے کیا کرنا ہے۔



بادل اور اُس کا دوست وہ بوڑھا آدمی دونوں غائب تھے۔






سب لوگ بحث کرنے لگے۔ ہم نے کہا کہ ہم ماں اور بچے
کو حفاظت سے رکھیں گے اور یہ ہی کریں گے۔ کچھ لوگوں نے
کہا۔ لیکن یہ ہمارے لیے بدشگون ہیں۔ باقی کچھ نے کہا۔



اور اس طرح عورت نے خود پھر اکیلا پایا۔ وہ حیران تھی کہ وہ اس عجیب بچے کے ساتھ کیا کرے۔ وہ اس بات پر بھی حیران تھی کہ وہ اپنے ساتھ کیا کرے۔





بہت اوپر بادلوں کے درمیان وہ سو گئے۔ گدھے کو خواب آیا کہ اُس کی ماں بیمار ہے اور اُسے بُلا رہی ہے اور جب وہ جاگا۔۔۔



لیکن آخر کار اُسے یہ قبول کرنا پڑا کہ یہ اس کا بچہ ہے اور وہ اُس کی ماں ہے۔





ایک صبح، بوڑھے آدمی نے گدھے سے اُسے پہاڑی کی چوٹی پر لے جانے کے لیے کہا۔



اب اگر بچہ چھوٹا رہتا تو ہر چیز مختلف ہوتی۔ لیکن گدھا بچہ بڑے سے بڑا ہوتا گیا حتیٰ کہ وہ اپنی ماں کی پیٹھ پر پورا نہ آتا۔ اور باوجود اس کے کہ اُس نے بہت کوشش کی لیکن وہ ایک انسان کی طرح برتاو نہ کر سکتا۔ اُس کی ماں اکثر تھک جاتی اور تنگ آجاتی۔ بعض اوقات وہ اُس سے جانوروں والے کام کرواتی۔





گدھا اُس بوڑھے آدمی کے ساتھ رہنے چلا گیا جس نے اُسے رہنے کے لیے کئی طریقے سیکھائے۔ گدھا سُنتا اور سیکھتا جس سے وہ بوڑھا آدمی بھی سیکھتا۔ وہ ایک دوسرے کی مدد کرتے اور مل کر ہنستے۔



کشیدگی اور غصہ گدھے میں بڑھتا چلا گیا، وہ یہ نہیں کر سکتا تھا وہ، وہ نہیں کر سکتا تھا، وہ ایسا نہیں ہو سکتا تھا، وہ ویسا نہیں ہو سکتا تھا۔ وہ اتنا غصہ ہوا کہ ایک ان اُس نے اپنی ماں کو لات مار کر میدان میں پھینکا۔





گدھا اُٹھا اور اُس نے ایک بوڑھے آدمی کو اُس کی طرف نیچے گھورتے ہوئے دیکھا۔ اُس نے اُس بوڑھے آدمی کی آنکھوں میں دیکھا تو اُسے ایک اُمید کی کرن نظر آئی۔



گدھا بہت شرمندہ تھا۔ اُس نے بھاگنا شروع کیا، جتنا تیز اور
جتنا دور وہ بھاگ سکتا تھا۔





وقت کے ساتھ اُس نے بھاگنا بند کیا، رات ہو چکی تھی اور
گدھا کھو گیا تھا۔ ہی ہا؟ وہ اندھیرے میں سرسرایا۔ ہی ہا؟ آواز
واپس گونجی۔ وہ اکیلا تھا خود کو ایک گیند کی طرح گول کر کے
وہ ایک گہری اور دردناک نیند میں سو گیا۔